# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

## شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

**مونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن منور حسین ملا کا مختلف علاقوں کا دورہ**

**بارش سے قبل بلدیاتی تیاریوں کا جائزہ، انتظامات پر اطمینان کا اظہار**

**نالوں کی صفائی، گلیوں اور سڑکوں پر پانی کھڑا ہونے سے بچاؤ کے لیے فیلڈ اسٹاف کو الرٹ رکھا گیا ہے۔ مونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن منور حسین ملاح**

مورخہ: 22/جنوری 2026

نیو کراچی ٹاؤن کے مونسپل کمشنر منور حسین ملاح نے متوقع مون سون بارشوں سے قبل ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور بلدیاتی سہولیات وانتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے صفائی، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی اقدامات کا معائنہ کیا اور مجموعی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دورے کے موقع پر ایڈیشنل سینیٹیشن ڈائریکٹر مشتاق خان اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے، جنہوں نے مونسپل کمشنر کو جاری انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ مونسپل کمشنر منور حسین ملاح نے اس موقع پر کہا کہ بارشوں کے دوران عوام کو کسی قسم کی پریشانی سے بچانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کیے جا چکے ہیں۔ شاول، ٹریکٹر ٹرالیاں اور جمع شدہ پانی کی فوری نکاسی کے لیے جنریٹرز پمپ بھی تیار رکھے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نالوں کی صفائی، گلیوں اور سڑکوں پر پانی کھڑا ہونے سے بچاؤ کے لیے فیلڈ اسٹاف کو الرٹ رکھا گیا ہے اور کسی بھی شکایت پر فوری رسپانس کو یقینی بنایا جائے گا۔ مونسپل کمشنر خود بارش کے دوران سڑکوں پر موجود رہے اور مختلف علاقوں میں نکاسی آب کے عمل کی نگرانی کرتے رہے، جس کے باعث صورتحال قابو میں رہی اور شہریوں کو کسی بڑے مسئلے کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرنے کے بعد مونسپل کمشنر منور حسین ملا دفتر روانہ ہو گئے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن